Maulana Azad National Urdu University

M.A. Urdu, I Semester Examination, April 2021

Paper : MAUR103CCT : Dastaan

پرچہ : داستان

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) ’’داستان کہانی کی طویل پیچیدہ اور بھاری بھر کم شکل ہے‘‘ داستان کی یہ تعریف کس نے کی؟

(a) گیان چند جین (b) کلیم الدین احمد (c) شمس الرحمٰن فاروقی (d) سہیل بخاری

(ii) ذیل میں کون سا عنصر داستان کی خصوصیات میں شامل نہیں ہے؟

(a) طوالت (b) فوق فطری عناصر (c) حسن وعشق (d) گھٹا ہوا مضبوط پلاٹ

(iii) ’’الف لیلہ‘‘ فی الاصل کس زبان میں لکھی گئی؟

(a) عربی (b) فارسی (c) سنسکرت (d) ترکی

(iv) ’’باغ و بہار‘‘ میں کون سا درویش کسی ملک کا شہزادہ نہیں ہے؟

(a) پہلا (b) دوسرا (c) تیسرا (d) چوتھا

(v) کس داستان میں قصہ در قصہ کی تکنیک استعمال نہیں کی گئی ہے؟

(a) فسانہ عجائب (b) باغ و بہار (c) رانی کیتکی کی کہانی (d) پنچ تنتر

(vi) رجب علی بیگ سرور نے ’’فسانہ عجائب‘‘ کی تصنیف کا آغاز کس شہر میں کیا؟

(a) بنارس (b) کانپور (c) لکھنو (d) کلکتہ

(vii) ’’مہندر گر‘‘ کس داستان کا کردار ہے؟

(a) باغ و بہار (b) سنگھاسن بتیسی (c) فسانہ عجائب (d) رانی کیتکی کی کہانی

P.T.O

(viii) وجہی نے ''سب رس'' کس بادشاہ کی فرمائش پر تصنیف کی؟

(a) ابراہیم قطب شاہ (b) محمد قلی قطب شاہ (c) محمد قطب شاہ (d) عبداللہ قطب شاہ

(ix) باغ و بہار میں کس ملک کی شہزادی کو نہایت دولت مند، سخی اور مہمان نواز بتایا گیا ہے؟

(a) دمشق کی شہزادی (b) بصرے کی شہزادی (c) فرنگ کی شہزادی (d) روم کی شہزادی

(x) ''فسانہ عجائب'' میں طوطا کس کے حسن کی تعریف کرتا ہے؟

(a) انجمن آرا (b) ساحرہ (c) ماہ طلعت (d) مہر نگار

حصہ دوم

2۔ داستان کے مطالعے کی اہمیت واضح کیجیے۔

3۔ وجہی کے بارے میں اپنی معلومات قلم بند کیجیے۔

4۔ فسانہ عجائب کی زبان اور اسلوب کا تنقیدی محاکمہ کیجیے۔

5۔ رانی کیتکی کے کردار کی خصوصیات اجاگر کیجیے۔

6۔ داستان کے پلاٹ کے مختلف اقسام پر روشنی ڈالیے۔

7۔ میر امن کے حالات زندگی تحریر کیجیے۔

8۔ فسانہ عجائب کے دیباچے کی اہمیت واضح کیجیے۔

9`۔ ''سب رس'' کے ماخذ پر روشنی ڈالیے۔

حصہ سوم

10۔ داستان کی تعریف کیجیے اور اس کے فن اور تکنیک کی وضاحت کیجیے۔

11۔ 'باغ و بہار' کے ادبی اور فنی محاسن کا جائزہ لیجیے۔

12۔ فسانہ عجائب میں ملکہ مہر نگار کے کردار کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

13۔ 'سب رس' کی اہمیت کے اسباب بیان کیجیے۔

14۔ رانی کیتکی کی کہانی کے پلاٹ کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

☆☆☆